# NYC Health + Hospitals پر MyChart سے بذریعہ ویڈیو ملاقاتیں!


NYC Health + Hospitals پر MyChart مریض کا پورٹل ہے، جس کے ذریعے آپ کو اپنے طبی ریکارڈ تک 24/7 الیکٹرانک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ MyChart کے ذریعے ہم بذریعہ ویڈیو ملاقات بھی فراہم کرتے ہیں تاکہ آپ اپنے گھر پر رہتے ہوئے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکیں۔ اس بارے میں مزید معلومات ذیل میں دیکھیں!

## اپنے سمارٹ فون/ٹیبلٹ سے بذریعہ ویڈیو ملاقات کریں: MyChart ایپلی کیشن استعمال کریں!

اگر آپ بذریعہ ویڈیوملاقات کے لیے اپنا سمارٹ فون/ٹیبلٹ استعمال کرنا چاہتے/چاہتی ہیں تو بذریعہ ویڈیو ملاقات میں شرکت کرنے کے لیے آپ کو **لازمی طور پر** MyChart کی ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کرنی ہو گی۔


1. **MyChart ایپلی کیشن** کو مفت میں ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، اپنے سمارٹ فون کے کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل QR کوڈ اسکین کریں۔


2. ایپلی کیشن کھولیں اور اپنے **MyChart** اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں۔




# NYC Health + Hospitals پر MyChart سے بذریعہ ویڈیو ملاقاتیں!


3. **Visits (ملاقاتیں)** کے آئیکون پر کلک کریں۔ اس کے بعد، بذریعہ ویڈیو ملاقات میں شامل ہونے کے لیے اپنے **Video Visit (بذریعہ ویڈیو ملاقات)** اور **Begin Visit (ملاقات شروع کریں)** پر کلک کریں۔









4. اس کے بعد ایک ونڈو کھل سکتی ہے جس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا یہ پروگرام 'آپ کے مائیکرو فون تک رسائی' حاصل کر سکتا ہے۔ اس کے جواب میں **"Allow" ("اجازت ہے")** یا **"Yes" ("جی ہاں")** منتخب کریں۔ اس سے آپ کے فون کا مائیکروفون ایپلی کیشن کے ساتھ جڑ جائے گا تاکہ بذریعہ ویڈیو ملاقات کے دوران آپ کا فراہم کنندہ آپ کو سن پائے۔
5. ایک دوسری ذیلی ونڈو بھی کھل سکتی ہے، جس میں آپ سے 'ویڈیو یا کیمرہ تک رسائی حاصل کرنے' کے بارے میں بھی پوچھا جا سکتا ہے۔ اس کے جواب میں **"Allow" ("اجازت ہے")** یا **"Yes" ("جی ہاں")** کو منتخب کریں۔ اس سے آپ کے فون کا کیمرہ ایپلی کیشن کے ساتھ جڑ جائے گا تاکہ بذریعہ ویڈیو ملاقات کے دوران آپ کا فراہم کنندہ آپ کو دیکھ پائے۔
6. آپ ایک انعکاسی انتظار گاہ میں داخل ہوں گے جب تک کہ ڈاکٹر پہلے آئے ہوئے مریضوں کے ساتھ بات چیت سے فارغ ہو جائے۔ آپ کا/کی ڈاکٹر دیکھ لے گا/گی کہ آپ انعکاسی انتظار گاہ میں موجود ہیں اور وہ جلد ہی آپ سے بات چیت شروع کرے گا/گی۔




.4




.5





.6

# NYC Health + Hospitals پر MyChart سے بذریعہ ویڈیو ملاقاتیں!

7. جب آپ انتظار کر رہے/رہی ہوں، تو اس دوران 'فراہم کنندہ کی انعکاسی انتظار گاہ' (Provider's waiting room) میں موجود بٹن استعمال کرتے ہوئے اپنی ویڈیو یا آواز کا نظام ملاقات کے لیے جڑ جانے کی جانچ کر لیں۔

1. اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ کا **Camera (کیمرہ)** ٹھیک کام کر رہا ہے، سب سے اوپر بائیں جانب کیمرہ کے بٹن پر کلک کریں۔
2. اپنی **Video (ویڈیو)** کی جانچ کرنے کے لیے اپنی ویڈیو کو چھپانے یا پھر کھولنے/بند کرنے کے لیے ویڈیو کے بٹن پر کلک کریں۔ اس جانچ کا مقصد اس بات کی یقین دہانی کرنا ہے کہ آپ کی ویڈیوٹھیک طریقے سے کام کر رہی ہے۔
3. اپنے **Microphone (مائیکروفون)** کی جانچ کرنے کے لیے، مائیکروفون کے بٹن پر کلک کریں۔ کچھ الفاظ بولیں اور دیکھیں کہ آپ کے بولنے سے آواز والی لکیریں بھی ہلتیں ہیں یا نہیں۔
4. اس بات کی جانچ کرنے کے لیے کہ آپ کا **Speaker (اسپیکر)** بھی کام کر رہا ہے، سیاہ رنگ کے اسپیکر والے بٹن پر کلک کریں اور "سیٹی کی سی" آواز سنیں۔






# اپنے کمپیوٹر کو استعمال کرتے ہوئے بذریعہ ویڈیو ملاقات: ایسا براؤزر استعمال کریں جو اس ویب سائٹ کو چلانے دیتا ہو!

*(نوٹ: انٹرنیٹ ایکسپلورر بذریعہ ویڈیو ملاقات کے لیے کام **نہیں** کرتا)*

- کروم
- فائرفاکس
- سفاری


1. اپنے **MyChart** اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، **Visits (ملاقاتیں)** مینیو پر جائیں، اور آپ کی آنے والی متعین شدہ ملاقاتوں کی فہرست میں سے اپنی بذریعہ ویڈیو ملاقات کا انتخاب کریں ، **Details (تفصیلات)** پر کلک کریں، اس کے بعد بذریعہ **ویڈیو Begin Video Visit (ملاقات شروع کریں)** پرکلک کریں۔



# NYC Health + Hospitals پر MyChart سے بذریعہ ویڈیو ملاقاتیں!

2. آپ کا/کی ڈاکٹر دیکھ لے گا/گی کہ آپ **فراہم کنندہ کی انعکاسی انتظار گاہ (Provider's waiting room)** میں موجود ہیں اور وہ جلد ہی آپ سے بات چیت شروع کرے گا/گی۔
3. جب آپ انتظار کر رہے/رہی ہوں، تو اس دوران 'فراہم کنندہ کی انعکاسی انتظار گاہ' میں موجود بٹن استعمال کرتے ہوئے اپنی ویڈیو یا آواز کا نظام ایپلی کیشن کے ساتھ جڑ جانے کی جانچ کر لیں۔




1. اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ آپ کا **Camera (کیمرہ)** ٹھیک کام کر رہا ہے، سب سے اوپر بائیں جانب کیمرہ کے بٹن پر کلک کریں۔
2. اپنی **Video (ویڈیو)** کی جانچ کرنے کے لیے اپنی ویڈیو کو چھپانے یا پھر کھولنے/بند کرنے کے لیے ویڈیو کے بٹن پر کلک کریں۔ اس جانچ کا مقصد اس بات کی یقین دہانی کرنا ہے کہ آپ کی ویڈیوٹھیک طریقے سے کام کر رہی ہے۔
3. اپنے **Microphone (مائیکروفون)** کی جانچ کرنے کے لیے، مائیکروفون کے بٹن پر کلک کریں۔ کچھ الفاظ بولیں اور دیکھیں کہ آپ کے بولنے سے آواز والی لکیریں بھی ہلتیں ہیں یا نہیں۔
4. اس بات کی جانچ کرنے کے لیے کہ آپ کا **Speaker (اسپیکر)** بھی کام کر رہا ہے، سیاہ رنگ کے اسپیکر والے بٹن پر کلک کریں اور "سیٹی کی سی" آواز سنیں۔